NYC HEALTH+ HOSPITALS



# تمام لوگوں کے لیے ویکسین

# COVID-19 کے بوسٹر ٹیکے

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

COVID-19 کا بوسٹر ٹیکہ ان اہل افراد کے لیے سفارش کیا گیا ہے جنہوں نے کم از کم چھ ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ قبل Pfizer یاModerna کی COVID-19 ویکسین کی دوسری خوراک لگوائی ہو اور ان میں COVID-19 لگنے یا COVID-19 کی بیماری کے باعث شدید بیمار پڑنے کا خطرہ بہت زیادہ ہواور جن کی عمر 65 برس یا اس سے زیادہ ہو اور ایسے افراد جنہوں نے دوماہ یا اس سے زیادہ عرصہ قبل Johnson & Johnson (J&J) ویکسین کی ایک خوراک لگوائی ہواور ان کی عمر 18 برس یا اس سے زیادہ ہے۔

**بوسٹر ٹیکہ کیاہے؟**

ویکسین کا سلسلہ مکمل کرلینے کے بعد بوسٹر ٹیکہ ایک اضافی خوراک ہوتا ہے جو وقت گزرنے کے ساتھ وائرس کے خلاف کم ہونے والے تحفظ کے خلاف مدافعت کو بڑھانے کے لیے استعمال کیا جاتاہے۔

**بوسٹر ٹیکہ کون لگواسکتا ہے؟**

Pfizer یا Moderna ویکسینز کی دوسری خوراک حاصل کرنے کے 6 ماہ بعد ، مندرجہ ذیل گروہ سے تعلق رکھنے والے بوسٹر ٹیکہ لگوانے کے اہل ہیں:

- ایسے افراد جن کی عمریں 65 یا اس سے زیادہ ہوں
- ایسے افراد جو نرسنگ ہوم یا طویل مدتی مرکز میں رہتے ہیں
- 18 سے64 برس کی عمر سے تعلق رکھنے والے ایسے افراد جن میں کوئی ایسا طبی عارضہ ہو کہ جس کے باعث ان میں COVID-19 کے باعث شدید بیمار پڑنے کا بہت زیادہ خطرہ ہو
- 18 سے 64 برس کی عمر کے ایسے افراد جن کو اپنی ملازمت (مثلاًصحت کے شعبہ میں کام کرنے والے) یا جہاں وہ رہتے یا باربار جاتے ہیں (مثلاً بے گھر افراد کا شیلٹر) کے باعث COVID-19 لگنے کا بہت زیادہ خظر ہو۔

J&J ویکسین کی پہلی خوراک لگوانے کے 2 ماہ بعد 18 برس یا اس سے زیادہ عمر کے افراد بوسٹر کا ٹیکہ لگوانے کے اہل ہیں

**بوسٹر ٹیکے کی سفارش کیو ں کی جاتی ہے؟**

آج بھی COVID-19 ویکسینزCOVID-19 کے باعث شدید بیمارپڑنے، اسپتال میں داخل ہونے یا موت سے تحفظ فراہم کرتی ہیں۔ تاہم بعض مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ Pfizer یا Moderna ویکسینز سے حاصل ہونے والے تحفظ میں تقریباً چھ ماہ بعد اور J&J ویکسین سے حاصل ہونے والے تحفظ میں دو ماہ بعد کمی آنا شروع ہوجاتی ہے۔ بوسٹر کا ٹیکہ ان افراد کو اضافی تحفظ فراہم کرسکتا ہے جن میں COVID-19 لگنے یا COVID-19 کے باعث شدید بیمار پڑنے کا بہت زیادہ خطرہ ہو، خاص طور پر بماری کمیونٹی میں چلنے والے ڈیلٹا ویریئنٹ کی موجودگی کے باعث۔

**کون سے طبی عارضوں کے باعثCOVID-19 کے باعث شدید بیمار پڑنے کا خطرہ بہت زیادہ بڑھ جاتاہے؟**

وہ طبی عارضے جن کے باعث COVID-19 کے باعث شدید بیمار پڑنے کا خطرہ بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے ان میں زیادہ بیطس، دل کے عارضے ، گردوں کی پرانی بیماری، پھیھڑوں کی پرانی بیماری،جگر کی بیماری، سرطان،دیوانگی، ایچ آئی وی اور حمل سے ہونا شامل ہیں۔ مکمل فہرست یہاں پر ملاحظہ کریں: cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/need-extra-precautions/people-with-medical-conditions.html

**اپنے کام کے باعث یا پھر دوسری جگھوں پر وہ کون سے افراد ہیں جن کو COVID-19 لگنے کا بہت زیادہ خطرہ ہے؟**

وہ کام جن کے باعثCOVID-19 کے لگنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے ان میں صحت کے شعبہ میں کام کرنے والے افراد، اساتذہ، ڈے کیئر میں کام کرنے والا عملہ اور ریستوران اور روزمرہ کی چیزیں

جاری ◀

فروخت کرنے والے دوکانوں پر کام کرنے والے افراد شامل ہیں۔ ایسی دوسری جگہیں جہاں کووڈ لگنے کا خطرہ ہے ان میں بے گھر افراد کے شیلٹراور جیلیں شامل ہیں۔

**مجھے یہ کیسے معلوم ہوگا کہ آیا مجھے بوسٹر ٹیکہ لگوانے کی ضرورت ہے یا نہیں؟**

اگر آپ کو یہ معلوم کرنا ہو کہ آیا آپ کو بوسٹر ٹیکہ لگوانا چاہیئے یا نہیں تو اس بارے میں اپنے صحت کی دیکھ بھال فراہم کنندہ سے بات کریں۔ اگر آپ کو فراہم کنندہ تلاش کرنے کی ضرورت ہو تو311 پر کال کریں (212-268-4319) 212-COVID-19 پر کال کریں اور آیا آپ اہل ہیں یا نہیں کے بارے میں معلوم کرنے کے لیے کسی نرس سے بات کریں۔

**ایسی خواتین جو حاملہ ہیں، بچے کو چھاتی کا دودھ پلا رہی ہیں یا حاملہ ہونے کی کوشش کر رہی ہیں تو کیا ان کو بھی بوسٹر لگوانا چاہیئے؟**

ایسی خواتین جو حاملہ نہیں ہیں ان کے مقابلے میں ایسی خواتین جو حاملہ ہیں یا جو حال ہی میں حاملہ ہوئی ہیں ان میں COVID-19 کی بیماری کے باعث بیمار پڑنے کا بہت زیادہ خطرہ ہے۔ حاملہ خواتین کو COVID-19 کی ویکسین لگوانی چاہیئے۔ اگر حاملہ خواتین بھی اہل ہوں تو ان کو بھی بوسٹر کا ٹیکہ لگوانا چاہیئے۔

**بوسٹر کا ٹیکہ لگوانے کے کیا خطرات ہیں؟**

ایسے کئی افراد جنہوں نے Pfizer یا Moderna ویکسینز کی دوخوراکیں لگوائی ہیں یا جنہوں نے J&J ویکسین کی ایک خوراک لگوائی ہے ان میں بوسٹر لگوانے کے فوائد اس کے خطرات کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہیں۔ اب تک بوسٹر کے ٹیکے باعث پیدا ہونے والے ردِ عمل بھی ویسے ہی ہیں جیسے ابتدائی خوراکوں سے پید ہوئے تھے۔ سب سے عام ضمنی اثرات میں تھکاوٹ اور بازو میں سوجن شامل ہیں۔ زیادہ تر ضمنی اثرات ہلکے یا معتدل تھے۔

**کیا بوسٹر کا ٹیکہ بھی وہی ہے جو ویکسین کی پہلی دو خوراکوں میں تھا؟**

ہاں۔ بوسٹر کا ٹیکہ بھی بالکل ویسا ہی ہے جیسے Pfizer یا Moderna کی پہلی دوخوراکیں تھیں یا J&J کی ایک خوراک تھی۔ تاہم، Moderna کا بوسٹر پہلی دوخوراکوں کے مقابلہ میں نصف ہوتا ہے۔

**کیا میرے بوسٹر کے ٹیکے کی برانڈ بھی وہی ہونی چاہیئے جو میری پہلی ویکسین کی برانڈ تھی؟**

جن لوگوں نے پہلے ویکسین کروا رکھی ہے ان کو چاہیئے کہ وہ کوشش کرکے اپنے بوسٹر کا ٹیکہ بھی وہی لگوائیں جو انہوں نے ویکسین لگوائی تھی، تاہم اگر وہ چاہیں تو وہ دوسرے دو اقسام کی ویکسین لگوا سکتے ہیں۔

**مجھے بوسٹر کا ٹیکہ کب لگوانا چاہیئے؟**

اگر آپ اہل ہیں تو آپ کو Pfizer یا Moderna کی COVID-19 کی ویکسینز کی دوسری خوراک کے چھ ماہ یا اس سے زیادہ عرصے بعد یا پھر J&J کی COVID-19 کی ایک خوراک کے دو ماہ یا اس سے زیادہ عرصے کے بعد بوسٹر کا ٹیکہ لگوانا چاہیئے۔

**اگر ہمیں بوسٹر کے ٹیکے کی ضرورت ہے تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ ویکسینز کام نہیں کر رہی ہیں؟**

جی نہیں۔COVID-19 ویکسینز شدید بیماری، اسپتال میں داخل ہونے اور موت سے بچاؤ کے سلسلے میں بہت اچھی طرح کام کر رہی ہیں، حتیٰ کہ یہ بہت بڑے پیمانے پر پھیلنے والے ڈیلٹا ویریئنٹ کے خلاف بھی کام کرتی ہیں۔ تاہم، صحتِ عامہ کے ماہرین کو تحفظ میں تھوڑی سی کم محسوس ہونا شروع ہو چکی ہے، بلخصوص آبادی کے ایک مخصوص طبقے میں۔

**میرا مدافعتی نظام کمزور ہے اور میں نے ویکسین کی تیسری خوراک لگوائی ہے۔ تو کیا مجھے بوسٹر کا ٹیکہ بھی لگوانا چاہیئے؟**

18 برس یا اس سے بڑی عمر کے ایسے افراد جنہوں نے COVID-19 کی mRNA ویکسین کا بنیادی سلسلہ مکمل کروایا ہے اور انہوں نے mRNA ویکسین کی ایک اضافی خوراک بھی لگوائی ہے تو ایسے افراد mRNA ویکسین کی تیسری خوراک کے کم از کم 6 ماہ بعد COVID-19 بوسٹر کے کی ایک خوراک (Pfizer-BioNTech, Moderna یا J&J) لگوا سکتے ہیں۔

**میں بوسٹر کا مفت ٹیکہ کہاں سے لگواسکتا/سکتی ہوں؟**

Pfizer اور J&J کے بوسٹر ٹیکے NYC Health + Hospitals کے نظام میں 11 اسپتالوں میں دستیاب ہیں۔ Moderna کے بوسٹر کے ٹیکے NYC Health + Hospitals/Gotham Health کے مقام پر دستیاب ہیں۔ آپ نے جہاں سے اپنی Pfizer یا Moderna ویکسین کی پہلی دوخوراکیں یا J&J ویکسین کی ایک خوراک لگوائی تھی آپ کو بوسٹر کا ٹیکہ لگوانے کے لیے اسی جگہ جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اپنا بوسٹر لگوانے کے لیے NYC Health + Hospitals کے انتہائی نگہداشت اسپتال یا پھر NYC Health + Hospitals/Gotham Health کے مقام پر جائیں یا کسی بھی زبان میں مدد حاصل کرنے کے لیے اس نمبر پر کال کریں 1-877-829-4692۔

**کیا میں دیگر ویکسینز (جیسا کہ فلو کی ویکسین) کے ساتھ بھی بوسٹر کا ٹیکہ لگوا سکتا/سکتی ہوں ؟**

ہاں۔ دیگر ویکسین کے ساتھ یا ان سے پہلے یا بعد میں بوسٹر کا ٹیکہ لگوانا محفوظ ہے۔ اگر آپ نے ابھی تک اپنا فلو کا ٹیکہ نہیں لگوایا ہے تو NYC Health + Hospitals کے انتہائی نگہداشت کے اسپتال کے مقامامات پر دونوں دستیاب ہیں۔

**کیا مجھے مکمل ویکسین شدہ ہونے کے لیے بوسٹر کا ٹیکہ لگوانا ہوگا؟**

جی نہیں۔ دو خوراکوں والی ویکسین (جیسا کہ Pfizer یا Moderna) کی دوسری خوراک کے دو ہفتوں بعد یا ایک خوراک والی J&J ویکسین کے دو ہفتوں بعد لوگوں کو مکمل ویکسین شدہ تصور کیا جاتا ہے۔

**کیا بوسٹر کے ٹیکے لازمی ہوں گے؟**

نیویارک ریاست میں صحت کے شعبہ میں کام کرنے والوں کے لیے صرف پہلی اور دوسری خوراکیں لازمی قرار دی گئی ہیں لازمی خوراک میں بوسٹر کے ٹیکے شامل نہیں ہیں۔

**کیا بوسٹر کے ٹیکے بچوں کو بھی سفارش کئے جاتے ہیں؟**

جی نہیں۔ اس وقت، Pfizer ویکسین کے استعمال کی اجازت صرف 5 سے 11 برس کے درمیان بچوں میں استعمال کی اجازت ہے۔ اس وقت 5 سے 17 برس کی عمر کے درمیان بچے بوسٹر کے ٹیکے لگوانے کے اہل نہیں ہیں۔

NYC HEALTH+ HOSPITALS

Published: 10/29/2021
Urdu